


صدر ہنری بی۔ آئرنگ
صدارتی مجلسِ اعلیٰ میں مشیرِ اول

# خدا سے بلاہٹ اور لوگوں سے تائید پائے ہوئے

کلیسائے یسوع مسیح برائے مقدسین آخری ایام کے رکن کے طور پر، ہم اکثر لوگوں کی خدمتی بلاہٹ میں اُن کی تائید کرتے ہیں۔ کئی سال پہلے ایک ۱۸ سالہ طالب علم نے مجھے یہ دکھایا کہ خداوند کے خادموں کی تائید سے کیا مراد ہے۔ ابھی تک میں اُس کے فروتن نمونے سے برکت پائے ہوئے ہوں۔

اُس نے حال ہی میں کالج میں اپنے پہلے سال کا آغاز کیا تھا۔ اپنا گھر چھوڑنے اور بڑی یونیورسٹی میں پڑھائی کا آغاز کرنے سے تھوڑی ہی دیر پہلے اُس نے بپتسمہ لیا تھا۔ وہاں میں نے ایک بشپ کی طرح خدمت کی تھی۔

جب سکول کا سال شروع ہوا، تو میں نے اُس کا بشپ کے دفتر میں مختصر سا انٹرویو کیا۔ پہلی گفتگو میں اُس کی نئی جگہ کی چنوتیوں کے علاوہ مجھے بہت تھوڑا سا یاد ہے جو اُس نے مجھے بتائیں، مگر میں اُس کے ساتھ اپنی دوسری گفتگو کبھی نہ بھولوں گا۔

اُس نے کہا کہ وہ مجھے میرے دفتر میں ملنا چاہتا تھا۔ میں حیران تھا جب اُس نے کہا، ''کیا ہم مل کر دعا کر سکتے ہیں، اور کیا آپ کر سکتے ہیں؟'' تو میں کہنا چاہتا تھا کہ میں نے تو پہلے سے دعا کی ہے اور میں توقع کرتا ہوں کہ اُس نے بھی کی ہے۔ مگر اس کے باوجود میں دعا کرنے کے لئے رضامند ہو گیا۔

اُس نے اپنی دعا کا آغاز اِس گواہی کے ساتھ کیا کہ وہ جانتا تھا کہ بشپ خدا سے بلاہٹ پائے ہوئے ہیں۔ اُس نے خدا سے کہا کہ وہ اُسے بتائے کہ عظیم روحانی نتائج کے معاملات میں اُس کیا کرنا چاہیے۔ اُس نے خدا سے کہا کہ اُسے یقین ہے کہ وہ پہلے سے جانتا ہے کہ اُس کی ضروریات کیا ہیں اور اُس کو وہی مشورت دی جائے گی جسے سننے کی اُسے ضرورت ہے۔

جب اُس نے یہ کہا، تو خاص خطرات جن کا وہ سامنا کر سکتا تھا میرے ذہن میں آئے۔ مشورت سادہ تھی مگر بڑی وضاحت سے دی گئی تھی: ہمیشہ دعا کرو، حکموں کو مانو، اور خوف نہ کرو۔

ایک سال چرچ میں اُس ینگ مین نے، نمونے سے سکھایا کہ خدا اُس وقت ایک رہنما کے ساتھ کیا کر سکتا ہے جب اُن لوگوں کے ایمان اور دعاؤں سے اُس کی تائید ہوتی ہے جن کی رہنمائی کے لئے اُس کو بلاہٹ دی جاتی ہے۔ اُس نوجوان نے میرے لئے کلیسیا میں عام رضامندی کے قانون کی طاقت کا مظاہرہ کیا (دیکھئے تعلیم و عہد ۲:۲۶) اگرچہ خداوند اپنے خادموں کو مکاشفہ کے ذریعے بلاتا ہے، مگر وہ صرف اُن لوگوں کی تائید کے سبب ہی کام کرتا ہے جن کی خدمت کے لئے اُسے بلایا جاتا ہے۔

ہمارے تائیدی ووٹ کے سبب، ہم سنجیدہ وعدے کرتے ہیں۔ ہم خداوند کے خادموں کے لئے دعا کرنے کا وعدہ کرتے ہیں اور کہ وہ اُن کی رہنمائی کرے گا اور مضبوط کرے گا (دیکھئے تعلیم و عہد ۵۱:۹۳)۔ ہم وعدہ کرتے ہیں کہ ہم اُن کی دیکھ بھال کریں گے اور اُن کی مشورت میں اور جہاں بھی وہ اپنی بلاہٹوں میں عمل کریں گے خدا سے ملنے والی معرفت کی توقع کو محسوس کریں گے۔ (دیکھئے تعلیم و عہد ۳۸:۱)

ہمارے دلوں میں اکثر اِس وعدے کی تجدید کی ضرورت ہے۔ آپ کے سنڈے سکول کا معلم روح کے وسیلے سے آپ کو پڑھانے کی کوشش کرے گا، مگر جیسے آپ

غلطیاں کرتے ہیں، ہو سکتا ہے آپ کی کلاس کے سامنے آپ کا معلم بھی غلطیاں کر سکتا ہو۔ تاہم، جب آپ الہام آتا محسوس کر سکتے ہیں تو آپ کچھ لمحوں کے لئے دیکھنے اور سننے کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔ بر وقت آپ چند غلطیوں پر غور کریں گے اور اکثر ان ثبوتوں پر کہ خدا اُس معلم کی تائید کر رہا ہے۔

جب ہم ایک شخص کی تائید کے لئے ہاتھ اُٹھاتے ہیں، تو ہم خداوند کے ہر اُس مقصد کے لئے کام کرنے کا وعدہ کرتے ہیں جس کی تکمیل کے لئے اُس شخص کو بلایا گیا ہے۔ جب ہمارے بچے چھوٹے تھے، تو میری بیوی کو وارڈ میں چھوٹے بچوں کو تعلیم دینے کے لئے بلایا گیا۔ میں نے نہ صرف اُس کی تائید کے لئے اپنا ہاتھ اُٹھایا، بلکہ اُس کے لئے دعا بھی کی پھر اُس کی مدد کے لئے اجازت بھی مانگی۔ عورتوں کے کاموں اور بچوں کے لئے خداوند کی محبت کی مدح سرائی کے جو اسباق میں نے حاصل کئے ابھی تک وہ برکات میری اور میرے خاندان کی زندگی میں ہیں۔

حال ہی میں، مَیں نے اُس ینگ مین سے بات کی جس نے کئی سال پہلے اپنے بشپ کی تائید کی۔ میں نے جانا کہ خداوند نے اور لوگوں نے بطور مشنری، بطور سٹیک کے صدر، اور ایک باپ کے طور پر اُس کی تائید کی تھی۔ ہماری گفتگو کے اختتام پر اُس نے کہا، "میں ابھی تک روزانہ آپ کے لئے دعا کرتا ہوں۔"

ہم ہر اُس شخص کے لئے روزانہ پکے ارادے سے دعا کر سکتے ہیں جس کو خدا نے ہمارے خدمت کی بلاہٹ عطا کی ہے۔ ہم ہر اُس مرد یا عورت کے شکر گزار ہو سکتے ہیں جس نے ہماری خدمت کی اور بابرکت بنایا۔ جب رضاکارانہ کام کے لئے کوئی ہماری تائید کرتا ہے تو ہم آگے بڑھنے کا فیصلہ کر سکتے ہیں[۱]۔

وہ جو اُس کی سلطنت میں خداوند کے خادموں کی خدمت کرتے ہیں وہ اُس کی لازوال قوت کی تائید پائیں گے۔ ہم سب کو اُس برکت کی ضرورت ہے۔

**حوالہ جات**

۱۔ دیکھئے صدور کی تعلیمات: جوزف ایف سمتھ، ۲۰۱۱—۱۲۔

### اِس پیغام سے تعلیمات

یہ پیغام بیان کرنے کے بعد، درج ذیل حوالے کا مطالعہ کرنے کے بارے سوچیں: "اگر آپ فروتن، وفادار، اور جانفشاں ہے تو خداوند آپ کو اپنے ہاتھوں میں ایک آلہ کار بنائے گا۔۔۔جب آپ مخصوص کئے جاؤ گے اور جماعت سے تائید پاؤ گے تو تم اضافی قوت پاؤ گے" (تدریس کوئی بڑی ذمہ داری نہیں)۔ خاندان کو ایک وزنی چیز کے گرد اکٹھا ہونے کو کہیں اور ایک شخص کو کہیں کہ وہ اِسے اُٹھانے کی کوشش کرے۔ اُسی وقت میں خاندان کے ایک اور شخص کو اُس کے ساتھ شامل ہونے کو کہیں، خاندان کے دوسرے ارکان کو بھی وہ وزنی چیز اٹھانے میں مدد کے لئے دعوت دیں۔ عملی طور پر صدر آئرنگ کی مشورت پر تاکید کے بارے سوچیں جس سے ہم دوسروں کی بلاہٹوں میں تائید کر سکتے ہیں۔

## نوجوان

## میں اپنے سنڈے سکول معلم کا شکر گزار ہوں

نام نہیں دیا گیا ہے

میری سنڈے سکول کلاس کا کبھی بھی احترام نہیں کیا جاتا۔ مجھے ہر ہفتے سبق سننا بہت عزیز ہے، مگر بعض اوقات ایسے لگتا ہے جیسے میری جماعت میں دوسرے سبق سننا پسند نہیں کرتے۔ وہ اکثر ایک دوسرے سے بات کرتے ہیں یا الیکٹرونکس اشیا پر کھیلتے ہیں جب کہ ہمارا معلم ہمیں پڑھانے کی کوشش کر رہا ہوتا ہے۔

ایک ہفتے تو بہت ہی زیادہ برا ہوا، ہمارا معلم تو آنسوؤں سے رو پڑا کیوں کہ کوئی بھی اُس کی بات توجہ سے نہ سن رہا تھا۔ تو جب ہم کمرہ جماعت سے باہر نکلے تو مجھے اُس پر ترس آیا۔

اگلے اتوار ہمارے معلم نے واضح کیا کہ اُس نے پچھلے ہفتے بہت دعا کی تھی، کہ وہ رہنمائی پائے، اور پھر ایسا ہوا کہ اُس نے کلیسیائی فلم دکھانے کی ضرورت محسوس کی۔ اُس نے فلم شروع کی، جو یسوع مسیح کی زندگی اور اُن معجزوں کے بارے تھی جو اُس نے کئے تھے۔

اُس شام میں نے فلم کے بارے سوچا، تو میں نے کچھ مختلف محسوس کیا۔ اچانک میں نے محسوس کیا کہ میں روح کو محسوس کر رہا تھا، اِس سے پہلے میں نے کبھی بھی اِس قدر شدت سے محسوس نہ کیا تھا۔ فوراً میں نے فیصلہ کیا کہ میں نجات دہندہ کی طرح اپنی زندگی میں تبدیلیاں کرنا چاہتا تھا، اور سنڈے سکول میں اُس دن میں نے تجربہ کیا تھا جس سے میری گواہی بہت مضبوط ہوئی تھی۔ میں اپنے سنڈے سکول کے معلم کا بہت شکر گزار ہوں اور ہر اُس بات کا جو اُس نے ہر ہفتے کلاس میں ہمارے لئے کی۔

© 2012 by Intellectual Reserve, Inc. تمام جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ یو ایس اے میں چھپا۔ اجازت برائے انگریزی: 6/11۔ اجازت برائے ترجمہ: 6/11۔ صدارتی مجلس اعلیٰ، جون ۲۰۱۲ء کا Urdu ترجمہ۔ 10366 434

ایمان، خاندان، فلاح

# خاندانی تدریس، ایک مقدس کام

دعا گو ہو کر اِس مواد کا مطالعہ کریں، اور جب مناسب ہو، اُن بہنوں کے ساتھ اِس کے بارے گفتگو کریں جن سے ملنے جاتی ہیں۔ اُن سوالات کو استعمال کریں جو آپ کی بہنوں کو مضبوط کرنے میں آپ کی مدد کریں اور ریلیف سوسائٹی کو آپ کی اپنی زندگی کا متحرک حصہ بنائیں۔

**خاندانی** معلمات کے طور پر، ہمیں ایک اہم روحانی مشن کی تکمیل کرنی ہے۔

”بشپ، جو وارڈ کا مقرر کردہ چرواہا ہے، وہ ایک وقت میں ممکنہ طور پر خداوند کی ساری بھیڑوں کی نگرانی نہیں کر سکتا ہے۔ وہ اپنی مدد کے لئے الہام شدہ خاندانی معلمات پر انحصار کرتا ہے۔“[1] اِس کام کے لئے مکاشفہ پانا اور اِس کے خواہاں ہونا کہ ہر ایک بہن کی نگرانی کے لئے کام تفویض کیا جانا چاہیے یہ لازمی ہے۔

تحریک اُس وقت شروع ہوتی ہے جب ریلیف سوسائٹی کی صدارتی مجلس کے ارکان دعا گو ہو کر انفرادی لوگوں اور خاندانوں کی ضروریات کے بارے بات چیت کرتی ہیں۔ پھر، بشپ کی اجازت کے ساتھ، ریلیف سوسائٹی کی صدارتی مجلس اِس طرح سے کام دیتی ہے جو اُن بہنوں کی سمجھنے میں مدد کرتا ہے کہ خاندانی تدریس ایک اہم روحانی ذمہ داری ہے۔[2]

خاندانی معلمات مخلصی کے ساتھ یہ بات جانتی ہیں اور ایک دوسرے سے پیار کرتی ہیں، اُس بہن کے ایمان کو مضبوط کرنے میں اُس کی مدد کرو اور جب ضرورت ہو تو اُس کی خدمت کرو۔ وہ جاننے کے لئے ذاتی الہام کی خواہاں ہوتی ہیں کہ کس طرح سے ہر اُس بہن کی جن سے ملاقات کرتی ہیں روحانی اور دنیاوی ضروریات کا جواب دینا ہے۔[3]

”خاندانی تدریس اُس وقت خداوند کا کام بن جاتی ہے جب ہمارا کام شرح کی نسبت لوگوں پر ہوتا ہے۔ حقیقت میں، خاندانی تدریس کبھی ختم نہیں ہوتی۔ یہ ایک کام سے بڑھ کر ایک طرزِ زندگی ہے۔“[4]

## صحائف سے

متی ۲۲:۳۶–۴۰؛ یوحنا ۱۳:۳۴–۳۵؛ ایلما ۶:۳۷–۷

## اپنی تاریخ سے

علیزا آر۔ سنو، دوسری ریلیف سوسائٹی کی جنرل صدر نے بتایا، ”میں معلم کے عہدے کو ایک اعلیٰ اور پاک عہدے کے طور پر سوچتی ہوں۔“ اُس نے خاندانی معلمات کو مشورت دی ”کہ خدا، کی دانائی، فروتنی، اور محبت کی روح سے معمور ہو جاؤ“ اِس سے پہلے کہ آپ ملاقات کے لئے گھروں میں جائیں آپ دنیاوی ضرورتیں پورا کرنے کے ساتھ ساتھ روحانی ضرورتوں کے بارے جاننے اور پورا کرنے کے قابل بھی ہوں گی۔ اُس نے کہا، ”آپ اطمینان اور تسلی کا کلام سنانے کا احساس پا سکتی ہیں، اور اگر آپ محسوس کرتی ہیں کہ کوئی بہن زیادہ گرم جوش نہیں ہے، تو اِس کو اپنے سینے سے لگائیں اور گرم کریں جیسے آپ بچے کو سینے سے لگاتی اور گرم کرتی ہیں۔“[5]

جب ہم ابتدائی ریلیف سوسائٹی کی بہنوں کی طرح ایمان کے ساتھ آگے بڑھتی ہیں تو روح القدس ہمارے ساتھ ہو گا اور یہ جان کر الہام پائیں گی کہ جن بہنوں سے ہم ملاقات کرتی ہیں اُن میں سے ہر ایک کی کس طرح سے مدد کرنی ہے۔ ”آئیں طاقت کی بجائے حکمت کی تلاش کریں،“ بہن سنو نے کہا، ”مشق کے لئے جب ہمارے پاس حکمت ہو گی تو ہم ہر طرح کی قوت پائیں گی۔“[6]

### حوالہ جات


۱۔ جولی بی۔ بیک، ”ریلیف سوسائٹی: ایک مقدس کام،“ لیحونا، نومبر۔ ۲۰۰۹ء، ۱۱۴
۲۔ دیکھئے ہینڈ بک ۲: کلیسیا کا نظام چلانا (۲۰۱۰)، 9.5;9.5.2
۳۔ دیکھئے ہینڈ بک ۲، 9.5.1
۴۔ بولی بی۔ بیک، لیحونا، نومبر۔ ۲۰۰۹ء، ۱۱۴
۵۔ علیز آر۔ سنو، میری سلطنت میں بیٹیاں میں: ریلیف سوسائٹی کی تاریخ اور کام (۲۰۱۱)، ۱۰۸
۶۔ علیزا آر سنو، میری سلطنت میں بیٹیاں، ۴۵–۴۶


### میں کیا کر سکتی ہوں؟

**۱۔** خاندانی تدریس کی اہم ذمہ داری کو پورا کرنے کے لئے میں اپنی قابلیت کو کس طرح سے بہتر بنا سکتی ہوں؟

**۲۔** ایک خاندانی معلّمہ کے طور پر، میں دوسری بہنوں کی تدریسی معلمات کے طور پر ذمہ داری میں کیسے مدد کر سکتی ہوں؟

مزید معلومات کے لئے، www.reliefsociety.lds.org پر جائیں۔

© 2012 by Intellectual Reserve, Inc. ۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ یو ایس اے میں چھپا۔ اجازت برائے انگریزی: 6/11۔ اجازت برائے ترجمہ: 6/11۔ خاندانی تدریسی پیغام جون ۲۰۱۲ء کا ترجمہ۔ 10366 434